Day: M T W T F S
Date: 21/6/2024

Batch: 65 حاجرہ اختر

سوال نمبر 1:

اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

1. تعارف:

تصورِ اسلام کا مطلب ہے کہ انسان کی زندگی کا ہر پہلو اللہ کی رضا کے مطابق ہو۔ اسلام انسان کو امن، سلامتی اور مکمل تقویٰ کی طرف بلاتا ہے۔ اسلام نہ صرف عبادات کی تعلیم دیتا ہے بلکہ انسانیت کے حقوق، اخلاقیات اور معاشرتی عدل کے اصول بھی متعین کرتا ہے۔

"الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا" (سورۃ المائدہ 3:)

ترجمہ:

"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو دین کے طور پر پسند کر لیا"

2. اسلام کے لغوی معنی:

Date: ____/____/____

لفظ اسلام عربی زبان سلم سے نکلا ہے جس کے معنی ہے سلامتی، امن، اطاعت۔ لغوی طور پر اسلام کا مطلب ہے امن یا سلامتی کی طرف رجوع کرنا اور اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری کرنا۔

"اے ایمان والو! تم سب مکمل طور پر اسلام میں داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو۔ بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے" (سورۃ البقرہ : 208)

## 3. اسلام کے اصطلاحی معنی:

اصطلاحی لحاظ سے اسلام ایک ایسا دین ہے جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، آپؐ کی نبوت اور قرآن مجید کی ہدایت پر مبنی ہے۔ اسلام اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے کا نام ہے۔ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان ہیں۔ کلمہ طیبہ، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ۔

"ان الدین عند اللہ الاسلام"

"بیشک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہے" (سورۃ ال عمران : 19)

Add more details in the first part of the answer

Day: M T W T F S
Date: / /20

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

**تعارف:**

اسلام اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے اور اس کے آگے سر جھکانے کا نام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیدا کیا اور سیدھے راستے پر چلنے کی ہدایت دی۔

ترجمہ: "بیشک یہ قرآن اس راہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے جو نہایت سیدھی ہے" سورۃ الاسراء: 9

Intro not needed again

اسلام کی نمایاں خصوصیات میں توحید، رسالت، قرآن کی ہدایت، عبادات، اخلاقیات اور معاشرتی انصاف شامل ہے۔

ترجمہ: "آج کے دن میں نے تمہارا دین تمہارے لیے مکمل کر دیا" (المائدہ)۔

## 1- توحید:

توحید اسلام کی سب سے اہم نمایاں خصوصیت ہے۔ لغت کے رو سے توحید کے معنی "وحدانیت"

Date: __/__/__

یا التقاء ہے۔ جو اللہ کو ایک مانتے ہوں اور
اس کی عظمت پر یقین رکھتے اور اس
کی عبادت میں اخلاص لانے کو توحید
کہتے ہیں۔ اسلام میں توحید سے
مراد یہ ہے کہ

"اللہ تعالیٰ ہی سب کچھ کا
خالق و مالک ہے اور کسی
اور کو اس کے ساتھ شریک
نہ ماننا ہے"

Add Arabic of quranic ayats

توحید اسلام کا بنیادی دینی اصول ہے جس کی
بنیاد پر پوری اسلامی زندگی قائم ہے۔ اس
کے بغیر ایمان ناممکن ہے

"اللہ تعالیٰ کی وحدانیت"

"قُل ھو اللہ احد، اللہ الصمد۔
لم یلد ولم یولد۔ ولم یکن
لہ کفوا احد" (الاخلاص: 1-4)

ترجمہ: "کہہ دو وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز
ہے۔ نہ اس نے کسی کو پیدا کیا
نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور اس
کے جوڑ کا کوئی نہیں"

One reference is enough for a single argument

Day: M T W T F S
Date: ___/___/20

## 2- عقیدہ رسالت:

~~[illegible]~~ اسلام کی

نمایاں خصوصیات میں سے ایک خصوصیت عقیدہ رسالت ہے۔ عقیدہ رسالت کے نمایاں پہلو مندرجہ ذیل ہیں۔

### 2.1 ختم نبوت کا اقرار

ختم نبوت کا اقرار کرنا
مسلمان پر فرض ہے اسلام میں یقین کیا جاتا ہے کہ حضرت محمدؐ آخری نبی اور رسول ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

"ما کان محمد ابا احد من رجالکم
ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین
وکان اللہ بکل شیء علیما"

ترجمہ:

"لوگو! محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام رسولوں میں سب سے آخری نبی ہیں اور اللہ ہر بات کو خوب جاننے والا ہے۔" (سورۃ احزاب: 40)

Use elaborate, self explanatory and relevant headings

### 2.2 طرز حیات:

Day: M T W T F S
Date: __/__/20

عقیدہ رسالت اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ایک اصول ہے جو مسلمانوں کو آپؐ کی طرز زندگی گزارنے کی طرف زور دیتا ہے۔ کیونکہ آپؐ کی زندگی کے واقعات، ان کے کام اور ان کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلقات ہمیں ہدایت اور نمونہ فراہم کرتے ہیں۔ نبوت کے بعد آپؐ نے فرمایا

"بیشک مجھے انسانیت کی جانب معلم بنا کر بھیجا گیا"

## 2.3 قوانین

قرآن مجید میں دیے گئے قوانین اسلامی شریعت کی بنیاد ہیں جو مسلمانوں کی زندگی کے ہر پہلو کو منظم کرتے ہیں۔ یہ قوانین عبادات، معاشرتی تعلقات، اقتصادی معاملات اور اخلاقیات کے بارے میں ہیں۔ ان پر عمل ہر ایک مسلمان پر فرض ہے۔

ترجمہ:

"اے ایمان والوں انصاف کے علمبردار بن جاؤ اور اللہ کے لیے گواہی دو چاہے وہ خود تمہارے اپنے خلاف ہو یا والدین اور

Date __/__/20__

اور رشتہ داروں سے خلاف" (سورۃ النساء: 135)

# 3. اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات

## 3.1 انفرادی زندگی

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے وہ زندگی کے ہر پہلو پر ہدایت دیتا ہے۔ جب بچہ پیدا ہو تو اذان دینے کا حکم ہے (بچے کے کان میں اذان دینے کا حکم ہے)۔ پھر عقیقہ دینے کا۔ جب بڑا ہو جائے اس کی کردار سازی بنائیں ان کی پرورش اچھے سے کرنے کا حکم ہے

رسول ﷺ نے فرمایا

"اپنے بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دو اور دس سال کی عمر میں اگر وہ نہ پڑھیں تو ان کو مار دو اور ان کے بستر علیحدہ کر دو"

اسی طرح اسلام تعلیم پر بھی زور دیتا ہے تعلیم انسان میں شعور پیدا کرتی

Day / Date / /20

کرتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"

## 3.2 اجتماعی زندگی

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام پہلوؤں پر محیط ہے۔ اسلامی معاشرے کی بنیاد عدل و انصاف پر ہے قرآن مجید میں کئی مقامات پر عدل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور ظلم و زیادتی سے منع کیا گیا ہے۔

### سورۃ الحجرات آیت نمبر 9

ترجمہ:

"اگر مومنوں میں سے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو پھر اگر ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے پھر اگر لوٹ آئے تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ صلح کرا دو اور عدل کرو بیشک اللہ عدل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے" (49:9)

Day: M T W T F S
Date: __/__/20

## 4۔ آسان دین:

اسلام کی نمایاں خصوصیات
میں سے ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ
ایک آسان دین ہے جس میں کوئی
پیچیدگی نہیں ہے جسے سمجھنا آسان
ہے اسلام کی بنیاد اس اقرار پر ہے
کہ اللہ تعالیٰ واحد ہے اس کے ساتھ
کوئی شریک نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ
تعالیٰ کے آخری رسول ہیں

"لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ"

ترجمہ:
"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق
نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے
رسول ہیں"

Use relevant references

## 5۔ مکمل کتاب کا حامل دین:

اسلام مکمل
کتاب کا حامل دین ہے۔ اس کتاب
میں کوئی شک نہیں ہے

"الیوم اکملت لکم دینکم
واتممت علیکم نعمتی ورضیت
لکم الاسلام دینا"

ترجمہ:
"آج کے دن میں نے تمہارے لیے
تمہارا دین مکمل کر دیا ہے اور تم پر
اپنی نعمت پوری کر دی ہے اور
تمہارے لیے اسلام کو دین کے طور پر
پسند کیا ہے" (سورۃ المائدہ 3:)

## 6. اخلاق حسنہ

اسلام کی خصوصیات میں
سے اخلاق حسنہ کی تعلیم بھی ہے۔ نبی
کریمؐ کا ارشاد ہے

"انما بعثت لاتمم
مکارم الاخلاق"


ترجمہ: "مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کیلئے
بھیجا گیا ہے۔"

اسلام کے مطابق برے اخلاق کی چار بنیادی
وجوہات ہیں

1- جہل　　3- شہوت
2- ظلم　　4- غضب

اسلام کے مطابق اچھے اخلاق کی بھی
چار بنیادی وجوہات ہیں

Draw neat and legible charts



## 7- عملی دین:

عملی دین سے مراد وہ دین ہے جو عمل پر مبنی ہو۔ اسلام ایک عملی دین ہے جو اسلامی احکام اور مواقعہ سے متعلق عمل پر مشتمل ہے

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسولؐ نے فرمایا "کہ دو کہ میں روز کے رب سے پناہ مانگتا ہوں کہ دو میں لوگوں کے رب سے پناہ مانگتا ہوں یا وہ اسے پکڑے اور اسے سچائی کی طرف لے جائے یا کو اسے بازار میں بھیج دے"

یہ حدیث عملی دین کی اہمیت کو بیان کرتی ہے۔ جہاں کوشش کی جاتی ہے کہ انسان اپنے عملوں کو دینی احکام اور اسالت کے مطابق کرے

## 8- عقل و فطرت پر مبنی دین

اسلام کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ عقل و فطرت پر مبنی دین ہے اسلام کے احکامات اور تعلیمات انسانی عقل کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔

اور ان کی بے سری الشان صفحات اور معیاروں کے مطابق ہوتی ہے

ترجمہ:

"بیشک آسمانوں اور زمین کی خلقت اور رات اور دن کے تبدیل ہونے میں نشانیاں ہیں بڑے عقل والوں کے لیے جو قیامت کے وقت بیٹھے کھڑے اور اپنے جنبوں پر سو کر اللہ کی یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق پر غور کرتے ہیں۔ اے ہمارے رب تو نے یہ بے مقصد پیدا نہ کیا تیری پاکیزگی ہے ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے"

(آل عمران: 191-190)

## 9۔ اخوت

اسلام کے نمایاں پہلوؤں میں اخوت بھی ہے۔ جب مسلمان مکہ سے مدینہ ہجرت کر کے گئے تو وہاں بھائی چارہ کی بنیاد پڑی۔ مدینہ کے مسلمانوں نے مہاجر بھائیوں کی رہائش اور ضروریات کا بندوبست کیا

"مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں"

## ۱۵۔ تعصب سے پاک دین

اسلام ہمارا یہ بات بتاتا ہے کہ اسلام ہر طرح کے تعصب کی نفی کرتا ہے۔ تعصب کا مطلب ہے کہ اپنی مذہبی تعلیمات میں عقل و فطرت کے اصولوں کو بالکل ترک کر دینا ہے۔ یہودیوں و نصاریٰ کا تعصب آپ ﷺ سے صرف یہ تھا کہ آپ ﷺ بنی اسماعیل سے کیوں تشریف لائے۔

## ۱۱۔ محبت تقسیم کرنے والا دین

اسلام محبت اور تقسیم کرنے والا دین ہے جو انسانوں کے دلوں میں محبت اور رحم پیدا کرتا ہے۔ یہ دین انسانیت کے مسائل کو حل کرنے اور محبت کی اقدار کو فروغ دینے کیلئے ہدایت فراہم کرتا ہے۔ رسول ﷺ نے فرمایا

"تمہارے ایمان کا بہترین مرتبہ یہ ہے کہ تم لوگوں سے محبت کرو اور خدا کے نام سے خود بھی محبت کرو"

Day: M T W T F S
Date: __/__/20

## 12- عالمگیر دین:

اسلام ایک عالمگیر دین ہے جو تمام زمانوں اور تمام انسانوں کے لیے ہدایت کا پیغام لایا ہے اسلام کی تعلیمات ہر انسان کے لیے موزوں اور ہر دنیا کے ہر خطے کے لیے قابل عمل ہیں۔ حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے آپ ﷺ کو کہتے سنا

"پہلے ہر نبی اپنی قوم کے لیے بھیجا جاتا تھا لیکن میں تمام انسانوں کے لیے بھیجا گیا ہوں"

## 13- مساوات کا حامل دین

اسلام کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ اسلام مساوات کا دین ہے اسلام میں مساوات کا مطلب یہ ہے کہ ہر انسان حقوق اور عزت کے اعتبار سے برابر سمجھا جائے چاہے ان کا رنگ نسل زبان یا سماجی حیثیت مختلف ہو۔ بقول حفیظ جالندھری

دنیا کے بت کدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا
ہم اس کے پاسبان ہیں وہ پاسباں ہمارا
اسلام کے مساوی سب ہیں برابر انسان

## ۱۴ - قومیت سے بالاتر دین

اسلام کی بنیاد اسلامی تعلیمات پر احترام اور اسلامی احکامات کا ماننا ہے۔ اسلام میں رنگ، نسل کی بنیاد پر فرق نہیں ہوتا اگر فرق ہوتا ہے تو صرف تقویٰ کی بنیاد پر۔ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"کسی عربی کو کسی عجمی پر کسی عجمی کو کسی عربی پر کسی کالے کو کسی گورے پر کسی گورے کو کسی کالے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقویٰ کے۔"

## ۱۵ - فساد کی مخالفت پر مبنی دین

اسلام ظلم سرکشی اور فساد کے سخت خلاف ہے۔ اسلام نے شروع سے آزادی اور انصاف کی آواز بلند کرتا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

"جس نے کسی کو ناحق قتل کیا
یا زمین میں فساد پھیلایا
اس نے پوری انسانیت
کا قتل کیا" (المائدہ 32)

## خلاصہ:

09

اسلام کی نمایاں خصوصیات ایک مثالی معاشرتی نظام کا خاکہ پیش کرتی ہے۔ جو انصاف، برابری اور روحانی و اخلاقی ترقی پر مبنی ہے۔ اسلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے آخری الہامی دین ہے۔ اسلام ایک دین ہے مذہب نہیں۔ مذاہب کے پاس سوالات جوابات نہیں ہوتے جبکہ اسلام کے پاس ہر سوال کا یقینی جواب موجود ہے۔

This is very lengthy answer. It will affect your time management. Shorten it

Improve the references, paper presentation and the headings quality